

# اگوسٹینو کی کہانی

# L’histoire d’Agostino


LIDA Italia
Billie Cejka Risnes
Yasir Tayyab


5

اردو `ur` / français `fr`



میرا نام اگوسٹینو ہے اور میری عمر اکاون سال ہے۔ میرا کام سائیکل کے ذریعے کھانا پہنچانا ہے۔ میری دو بیٹیاں ہیں، لیکن ہم بہت کم بات کرتے ہیں۔ ان کی ماں اور میں اب ساتھ نہیں رہتے کیونکہ ہم طلاق یافتہ ہیں۔

• • •

Je m’appelle Agostino et j’ai 51 ans. Mon travail consiste à livrer de la nourriture à vélo. J’ai deux filles, mais on se parle à peine. Leur mère et moi ne vivons plus ensemble car nous avons divorcé.



میں اپنی ماں کے ساتھ رہتا ہوں، کیونکہ میں طلاق کے بعد کرایہ ادا کرنے کی گنجائش نہیں رکھتا۔ اس شہر میں کرایہ بہت زیادہ ہے۔

• • •

Je vis avec ma mère, puisque je ne peux pas me permettre de payer un loyer après le divorce. Les loyers sont très chers dans cette ville.



میں چند ماہ پہلے ایک کمپنی میں صفائی والے کے طور پر کام کر رہا تھا۔ میں ٹوٹی ہوئی چیزوں کی مرمت کرتا، سامان اٹھاتا، اور جب کسی کو ضرورت پڑتی تو میں اس کی مدد کرتا۔ ایک دن کمپنی نے مجھے نوکری سے نکال دیا۔ مجھے سمجھ نہیں آیا کہ مجھے کیوں نکالا گیا۔

• • •

Il y a quelques mois, je travaillais comme agent d’entretien pour une entreprise. Je réparais ce qui était cassé, portais des cartons, et aidais ceux qui en avaient besoin. Un jour, l’entreprise m’a licencié. Je n’ai pas compris pourquoi.



میں نے بہت سے لوگوں کو سائیکل پر کھانا پہنچاتے دیکھا۔ میں سائیکل چلانا جانتا ہوں، اس لیے میں نے ایک بڑی ڈیلیوری کمپنی کے دروازے پر دستک دی۔ انہوں نے مجھے ہر ڈیلیوری کے لیے تین یورو دینے کی پیشکش کی۔ میں روزانہ چالیس یورو کماتا ہوں اور اگر میری بہت خوش نصیبی ہو اور گاہک مجھے ٹپ دے دیں تو ساٹھ یورو کما لیتا ہوں۔

• • •

J’ai vu plein de personnes livrer de la nourriture à vélo. Je peux faire du vélo, donc j’ai frappé à la porte d’une grande compagnie de livraison. Ils m’ont proposé trois euros par livraison. Je fais 40€ par jour, 60€ si j’ai beaucoup de chance et que les clients me donnent des pourboires.



مجھے کسی بھی چھٹی والے دن تنخواہ نہیں ملتی، بیمار ہونے پر کوئی رقم نہیں ملتی اور مجھے شاید ہی کوئی حقوق حاصل ہوں۔ مجھے نہیں لگتا کہ یہ ٹھیک ہے، لیکن مجھے نوکری کی ضرورت ہے۔ دیگر ملازمین میں سے زیادہ تر دنیا بھر سے آئے ہوئے مہاجرین ہیں۔

• • •

Je n’ai pas de congés payés, pas d’arrêts maladie payés, quasiment aucun droit. Je ne pense pas que cela est juste, mais j’ai besoin de ce travail. La plupart des autres employés sont des migrants du monde entier.



سامان پہنچانے والے کئی لوگ روزانہ حادثات میں زخمی ہو جاتے ہیں۔ پھر، جب ایک پچیس سالہ سامان پہنچانے والا آدمی کار کے ٹکرانے سے مر گیا، تو حکام نے ہمیں اہم سمجھنا شروع کر دیا۔ یہ افسوس کی بات ہے کہ اس کی موت کے بعد یہ اقدام ہوا۔

• • •

Beaucoup de livreurs sont blessés dans des accidents tous les jours. Puis, quand un livreur de 25 ans s’est fait renverser par une voiture et est mort, les autorités ont commencé à nous remarquer. C’est dommage qu’il ait dû mourir pour que cela se produise.



دوسری کمپنیوں کے سامان پہنچانے والے لوگوں کے ساتھ مل کے میں نے مقامی یونین کے ساتھ ملازمین کے حقوق پر کورس کیا۔ انہوں نے ہمیں مفت قانونی مشورہ فراہم کیا۔ ہم نے مزید اہمیت اور حقوق حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کی۔

• • •

Avec des livreurs d’autres entreprises, j’ai suivi une formation sur les droits des travailleurs avec une union locale. Ils nous ont proposé des conseils juridiques sans aucun frais. Nous avions des difficultés pour avoir plus de reconnaissance et de droits.



ایک لمبے عرصے کے بعد ہماری ساری محنت رنگ لائی۔ ایک بڑی ڈیلیوری کمپنی کو بھاری جرمانہ ادا کرنا پڑا اور ملازمین کو مستقل ملازمتیں دینا پڑیں۔ پوری دنیا میں کہیں پر بھی ایسا واقعہ پہلی بار ہوا تھا۔ ایسا لگتا ہے کہ چیزیں بہتر ہونا شروع ہو رہی ہیں۔

• • •

Après un long moment, tout notre dur travail a porté ses fruits. Une grande entreprise de livraison a dû payer une grosse amende et donner aux travailleurs des postes permanents. C’était la première fois que cela se produisait dans le monde. On dirait que les choses sont en train de s’améliorer.

# LIDA Stories

lidastories.net

## اگوسٹینو کی کہانی

## L’histoire d’Agostino


LIDA Italia
Billie Cejka Risnes
Yasir Tayyab (ur), Zina (fr)